**03.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

.........................................................................

- ☆ مرکز نے ساحلی علاقوں میں مؤثر نگرانی کی خاطر بھارتی بحریہ کیلئے 21 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے دفاعی ساز و سامان کی خریداری کی تجاویز کو منظوری دے دی ہے۔
- ☆ لوک سبھا نے بینکنگ قوانین سے متعلق ترمیمی بل جبکہ راجیہ سبھا نے تیل کے میدان کے انضباطی اور فروغ سے متعلق ترمیمی بل کو منظوری دے دی ہے۔
- ☆ حکومت نے ملک بھر میں دیویانگ جنوں کو بااختیار بنانے کی خاطر 16 اقدامات کا آغاز کیا ہے۔
- ☆ جموں و کشمیر میں ایک تصادم میں انتہائی مطلوب دہشت گرد کمانڈر جنید احمد بھٹ ہلاک ہوگیا ہے۔
- ☆ جنوبی کوریا کے صدر Yoon suk Yeol نے ملک میں ہنگامی مارشل لاء کا اعلان کر دیا ہے۔
- ☆ اور دلّی میں خواتین کی ایشیائی ہینڈبال چمپئن شپ میں بھارت نے ہانگ کانگ چائنا کو اکتیس-اٹھائیس سے ہرا دیا۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Defence Projects*

دفاعی خریداری سے متعلق کونسل نے 21 ہزار 772 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی خریداری کی پانچ تجاویز کو منظوری دے دی ہے۔ آج نئی دلّی میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں کونسل نے بھارتی بحریہ کیلئے اُس کی ضرورت کے مطابق 31 نئے Water Jet Fast Attack طیاروں کی خریداری کو منظوری دی۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ طیارے، ساحل کے نزدیک کم شدت کی بحری کارروائی، نگرانی، گشت اور تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کو انجام دینے کیلئے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ یہ طیارے خاص طور سے بھارتی جزیرہ نما علاقوں میں اور ان کے اطراف قزاقوں کے خلاف کارروائیوں میں بھی موثر رول ادا کریں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ کونسل نے 120 فاسٹ Interceptor طیاروں کی خریداری کو بھی منظوری دی ہے۔x

### *Rev LS Banking Law*

لوک سبھا نے بینکنگ قوانین ترمیمی بل 2024 کو پاس کردیا ہے۔ اِس بل سے ریزرو بینک آف انڈیا کے

1934 کے قانون، بینک کو منضبط کرنے سے متعلق 1949 کے قانون، اسٹیٹ بینک آف انڈیا کے 1955 کے قانون اور بینکنگ کمپنیوں کی تحویل اور اَنڈر ٹیکنگ کے ٹرانسفر کے 1980 کے قانون میں ترمیم کی جائے گی۔ بل میں ہر ایک بینک اکاؤنٹ میں Nominee کی تعداد موجودہ ایک سے بڑھا کر چار کرنے کی تجویز رکھی گئی ہے۔ بل میں ڈائریکٹر شپس کیلئے ٹھوس شرح کو پھر سے واضح کرنے کی تجویز پیش کی ہے جو پانچ لاکھ روپئے کی موجودہ حد کے بدلے دو کروڑ روپئے تک بڑھائی جاسکتی ہے۔x

***RS Olifield***

راجیہ سبھا نے آج تیل کے میدان سے متعلق انضباطی اور فروغ کے ترمیمی بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔ یہ بل، تیل کے میدان سے متعلق انضباطی اور فروغ کے قانون 1948 کی جگہ لے گا۔ یہ بل معدنی تیل کی وضاحت کرتا ہے، جس میں کوئلہ، لگنائٹ یا Helium شامل نہیں ہیں۔ اِس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ یہ بل، پالیسی استحکام، بنیادی ڈھانچے کے استعمال، کاربن کے اخراج کو کم کرنے اور تنازعات کے آسان حل کو یقینی بناتا ہے۔ x

***LS Jaishankar***

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ بھارت اور چین کے درمیان تعلقات میں فروغ کیلئے سرحدی علاقوں میں امن و سکون کی برقراری اوّلین ترجیح ہے۔ وزیر موصوف، بھارت- چین تعلقات سے متعلق حالیہ واقعات پر آج لوک سبھا میں بیان دے رہے تھے۔

2100- Jaishankar-China Ties

اپریل-مئی 2020 میں مشرقی لداخ میں بھارت-چین افواج کے درمیان محاذ آرائی پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور چین کے درمیان رشتے، چین کے اقدامات کے سبب سرحدی علاقوں میں امن و سکون کی صورتحال بگڑنے کے تناظر میں 2020 سے معمول کے مطابق نہیں ہیں۔ x

***RS Vayuyan Vidheyak***

راجیہ سبھا میں آج بھارتیہ وایویان وِدھے یک 2024 کو بحث کیلئے پیش کیا گیا۔ لوک سبھا نے اِس بل کو اِس سال مانسون اجلاس میں ہی پاس کردیا تھا۔ بل پیش کرتے ہوئے شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے کہا کہ بل میں طیاروں کا ڈیزائن، مینوفیکچرنگ اور رکھ رکھاؤ کو واضح کیا گیا ہے جو ایک قانونی فریم ورک کے تحت شہری ہوا بازی کی صنعت کی مدد کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ بل 1934 کے طیاروں سے متعلق قانون کی جگہ لے گا جس میں 21 مرتبہ ترمیم کی جاچکی ہے۔ جناب نائیڈو نے کہا کہ بھارت دنیا میں تیزی سے ابھرتے ہوئے شہری ہوا بازی کے مارکیٹوں میں سے ایک ہے۔x

**Par Busniess**

سرکار اور اپوزیشن کے درمیان پانچ دنوں کے تعطل کو ختم کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج معمول کا کام کاج شروع ہوا۔پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Anand Kumar Anupam Mishra

سرکار اور اپوزیشن کے درمیان ہفتہ بھر طویل تعطل کے بعد پارلیمنٹ میں آج معمول کا کام کاج دوبارہ شروع ہوا۔ سرکار اور اپوزیشن کے درمیان پارلیمنٹ کو بخوبی چلانے پر اتفاق رائے کے بعد دونوں ایوانوں میں کام کاج ہوا۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا، دونوں میں تھوڑے بہت شور وغل کے باوجود سوالوں کا وقفہ اور وقفۂ صفر ہوئے۔ لوک سبھا نے بینکنگ قوانین ترمیمی بل پاس کیا جبکہ راجیہ سبھا میں تیل کے میدانوں کو منضبط اور اِسے بہتر کرنے سے متعلق بل کو پاس کیا گیا۔ حالانکہ اپوزیشن ممبران پارلیمنٹ نے دونوں ایوانوں میں کچھ معاملوں پر فوری طور پر بحث کرانے کے نوٹس پیش کئے لیکن وہ اِس پر مصر نہیں ہوئے اور کارروائی میں خلل نہیں ڈالا۔ اجلاس 25 نومبر کو شروع ہوا تھا اور یہ 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔

ہمارے نامہ نگار آنندکمار اور انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

**Virendra Initiatives Divyangjans**

معذور افراد کے بین الاقوامی دن کے موقع پر سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے آج نئی دلّی میں ملک بھر کے دِویانگ جنوں کو خود مختار بنانے کیلئے 16 اقدامات کی شروع کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے زور دیا کہ یہ تقریب ایک شمولیت والے سماج کی تشکیل کے تئیں سرکار کے مستحکم جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِن اقدامات کے ذریعے سرکار کا مقصد سبھی دِویانگ جنوں کیلئے مساوی مواقع اور رسائی فراہم کرنا اور اُنھیں خودمختار بنانا ہے۔ وزیر موصوف کے ذریعے شروع کئے گئے کچھ اہم اقدامات میں ''قدم نی جوائنٹ: رسائی کے راستے حصہ تین، Sugamya بھارت ابھیان اور Braile Book پورٹل شامل ہیں''۔x

**PM Article**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج معذور افراد کے بین الاقوامی دِن کے موقع پر کہا ہے کہ دِویانگ جنوں کی ہمت، خوداعتمادی اور کامیابیوں کے سامنے سرنگوں ہونے کا یہ ایک اہم موقع ہے۔ ایک مضمون میں جناب مودی نے کہا کہ دِویانگ جنوں کے تئیں احترام، بھارت کے نظریے میں پیوستہ ہے۔ رامائن کے ایک شلوک کا حوالہ دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ عوام، بھارت کی مذہبی کتابوں میں دِویانگ جنوں کے تئیں احترام کا جذبہ دیکھ سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج ملک میں دویانگ جن، جوش وخروش کے ساتھ ملک کے وقار اور عزتِ نفس کیلئے توانائی فراہم کر رہے ہیں۔x

**Rev PM Haryana**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تین نئے فوجداری قوانین کے کامیاب نفاذ کو قوم کے نام وقف کیا۔ انھوں نے چنڈی گڑھ میں بھارتیہ نیایہ سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ Sakshya Adhiniyam کا جائزہ لیا، جو بھارت کے فوجداری انصاف نظام میں اصلاح کیلئے نافذ کئے گئے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بھی اِس موقع پر موجود تھے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تین نئے فوجداری قوانین کا نفاذ ہماری تاریخ کے اہم مرحلے میں ہوا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ نئے فوجداری قوانین کا نفاذ اُن تصورات کی تکمیل کی جانب ایک مستحکم قدم ہے جنھیں ہمارے دستور نے ملک کے شہریوں کیلئے سوچا تھا۔انھوں نے کہا کہ یہ نئے قوانین بھارت کو نوآبادیاتی وراثت سے آزاد کریں گے۔

S/B 2100 PM Citizens First

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ تینوں نئے فوجداری قوانین تین سال کے اندر ملک بھر میں نافذ کئے جائیں گے۔x

**J&K Dachingama Enc**

جموں وکشمیر میں آج ایک انتہائی مطلوب دہشت گرد مارا گیا ہے۔ یہ واقعہ آج سری نگر کے مضافاتی علاقے دَاچی گام جنگل میں پیش آیا۔ پولیس کے ایک ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ اِس دہشت گرد کی پہچان جنید احمد بھٹ کے طور پر کی گئی ہے جو کہ لشکر طیبہ کے "A" زمرے کا دہشت گرد تھا۔x

**Bhubaneshwar Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر آج شام بھوبنیشور پہنچیں جہاں وہ کل، پوری میں Blue Flag Beach پر بھارتی بحریہ کے دن کی تقریب سمیت مختلف سرکاری پروگراموں میں شرکت کریں گی۔ بیجو پٹنائک بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اڈیشہ کے گورنر رگھوبر داس، وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی اور دیگر سرکردہ شخصیات نے اُن کا پُرجوش استقبال کیا۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Prakash Dash

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل صبح بارہویں صدی کے سری جگن ناتھ مندر کا دورہ کریں گی اور وہاں پوجا ارچنا کریں گی۔ درشن کے بعد وہ پوری کے گوپا بندھو آیوروید مہا ودیالیہ کی 75 ویں تقریبات میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ جو کہ بھارتی فضائیہ کی سپریم کمانڈر بھی ہیں، Bule Falg Beach پر کل سہ پہر منعقد ہونے والے یومِ بحریہ کے موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔ اس پروگرام کی میزبانی ایڈمرل دنیش K ترپاٹھی کر رہے ہیں۔ یہ پروگرام، 1971 کی بھارت- پاکستان جنگ کے دوران آپریشن Trident پر مرکوز ہوگا۔ اس پروگرام میں ساحلی کمانڈرز اور بھارتی فوج کے اشتراک سے 15 جہاز، آبدوز اور 40 سے زیادہ طیارے شامل ہوں گے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Maha BJP Swearing

مہاراشٹر میں نئی منتخب مہایوتی سرکار کی حلف برداری کی تقریب سے پہلے BJP اہلکاروں نے آج ممبئی میں ایک میٹنگ کی۔ حالانکہ یہ واضح نہیں ہوسکا ہے کہ وزیر اعلیٰ کون ہوگا، BJP ریاستی سربراہ چندر شیکھر Bawankule نے ممبر اسمبلی آشیش شیلار، پروین داریکر، پرساد Lad اور دوسروں کے ساتھ تقریب کی تیاری کا جائزہ لیا۔ حلف برداری کی تقریب 5 دسمبر کو شام پانچ بجے ممبئی کے آزاد میدان میں ہونے والی ہے۔ مرکزی وزراء، NDA کی حکمرانی والی ریاستوں کے گورنر صاحبان، وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ، سینئر پارٹی لیڈر اور اعلیٰ حکام کو پروگرام میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ مہایوتی اتحاد، BJP، شندے کی قیادت والی شیوسینا اور اجیت پوار کی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی پر مشتمل ہے۔x

## Jharkhand Cabinet Oath

جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین سرکار کی وزراء کی کونسل، 5 دسمبر کو حلف لے گی۔ گورنر سنتوش کمار گنگوال، راج بھون میں وزراء کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی قیادت والی مخلوط حکومت کے گیارہ وزراء کے حلف لینے کا امکان ہے۔ جناب ہیمنت سورین نے 28 نومبر کو جھارکھنڈ کے 14 ویں وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا تھا۔ x

## Gadkari Biofuel

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے آج ایتھنول اور میتھنول جیسے بائیو ایندھن کو متبادل ایندھن کے طور پر استعمال کرنے پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں توانائی کی منتقلی اور پائیدار سڑک ٹرانسپورٹ سے متعلق 18 ویں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے 50 کھرب کی معیشت بننے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کی حصولیابی کی خاطر زیر زمین ایندھن کی درآمدات کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت، تقریباً 22 لاکھ کروڑ روپے کے زیر زمین ایندھن درآمد کرتا ہے اور اِس رقم میں کمی، معیشت کو مضبوط کرے گی۔ x

## ISRO PSLV C59 Launch

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو کل سہ پہر چار بجکر آٹھ منٹ پر سری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے PSLV C59 پروبا کے مشن کو لانچ کرے گی۔PSLV C59 یوروپی خلائی ایجنسی کے پروبا تین سیٹلائٹ کو خلاء میں لے جائے گی۔ نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ نامی اِسرو کمپنی کو یوروپی خلائی ایجنسی سے یہ آرڈر ملا ہے۔ پوربا تین سیٹلائٹ مدار میں پہنچنے کے بعد الگ ہوکر دو حصوں میں منقسم ہوجائیں گے۔ یہ سیٹلائٹ سورج کے کورونا، اُس کے آس پاس کی فضاء، خلائی موسم اور شمسی ہوا کا مطالعہ کریں گے۔x

### S Korea Martial Law

جنوبی کوریا کے صدر Yoon Suk Yeol نے ملک میں ایمرجنسی مارشل لاء کا اعلان کیا ہے اور اِسے شمالی کوریا کی کمیونسٹ طاقتوں سے ملک کو تحفظ فراہم کرنے اور ملک مخالف عناصر کو ختم کرنے کیلئے ضروری اقدام قرار دیا ہے۔ دیر رات ٹیلی ویژن خطاب میں اِس کا اعلان کرتے ہوئے Yoon نے سرکار کو کمزور کرنے، شمالی کوریا کے ساتھ ہمدردی جتانے اور ملک کے قانون سازی کے عمل کو مفلوج کرنے کا الزام اپوزیشن پارٹیوں پر لگایا۔ انھوں نے یہ نہیں بتایا کہ کیا کیا خصوصی اقدامات کئے جائیں گے، البتہ ایمرجنسی کے اعلان سے ملک کی سیاسی افراتفری میں ڈرائی طور پر اضافہ ہوگا۔x

### Asian Women Handball

خواتین کی ایشیائی ہینڈ بال چمپئن شپ آج نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہوئی۔ بھارت، پہلی مرتبہ ہینڈ بال مقابلے کی میزبانی کر رہاہے۔ اِس 20 ویں ٹورنامنٹ میں برّ اعظم کی آٹھ ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ آج شام گروپ-بی کے اپنے افتتاحی مقابلے میں بھارت نے ہانگ کانگ چائنا کو اکتیس- اٹھائیس سے شکست دی۔گروپ کے ایک دیگر مقابلے میں جاپان نے ایران کو چونتیس- چودہ سے ہرایا۔ گروپ-اے کے دو مقابلوں میں قزاخستان نے چین کو اٹھائیس- چھبیس سے اور جنوبی کوریا نے سنگاپور کو سنتالیس-پانچ سے ہرایا۔ اِس چمپئن شپ کی سرفہرست چار ٹیمیں، خواتین کی عالمی ہینڈ بال چمپئن شپ 2025 کیلئے کوالیفائی کریں گی، جس کا انعقاد اگلے برس نومبر اور دسمبر میں جرمنی اور نیندر لینڈ میں کیا جائے گا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆